کوئٹہ (نیوز ڈیسک) بلوچستان کے گھریلو گیس صارفین کے لیے فراہمی کا شیڈول مزید سخت کر دیا گیا ہے۔ سوئی سدرن نے گیس فراہمی کے اوقات میں کمی کرتے ہوئے نیا شیڈول جاری کر دیا، جس پر فوری عمل درآمد بھی شروع ہو گیا ہے۔ نئے شیڈول کے مطابق گھریلو صارفین کو 24 گھنٹوں میں صرف 8 گھنٹے کھانا پکانے کے اوقات میں گیس فراہم کی جائے گی۔ صبح 6 بجے کر 30 منٹ سے 9 بجے تک، دوپہر 12 بجے سے 2 بجے تک اور شام 6 بجے ..... بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

سے رات 9 بجے تک گیس دستیاب ہوگی۔ سوئی سدرن ذرائع کے مطابق اہل این جی کی قلت اور سردیوں میں گیس کی طلب دگنی ہونے کے باعث لوڈ مینجمنٹ سخت کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ شرق وسطیٰ کی صورتحال نے ایندھن کی فراہمی کو بھی متاثر کیا ہے۔

بیف کے اثاثوں، فنڈز، ریکارڈ و دیگر کی منتقلی کیلئے کمیٹی قائم

کمیٹی کی سربراہی سیکرٹری ایس اینڈ جی اے ڈی کریں گے، محکمہ خزانہ

کوئٹہ (این این آئی) حکومت بلوچستان نے بلوچستان ایجوکیشن انڈومنٹ فنڈ کے خاتمے کے بعد اس کے اثاثوں، فنڈز، ریکارڈ، زیر التوا مالی ذمہ داریوں او..... بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

دیگر امور کی جانچ پڑتال کے لیے کمیٹی قائم کر دی ہے۔ محکمہ خزانہ بلوچستان کی جانب سے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق کمیٹی وزیر اعلیٰ بلوچستان کے بلوچستان ایجوکیشن انڈومنٹ فنڈ ٹرسٹی کو ختم کرنے کے فیصلے اور چیف سیکرٹری کی منظوری کے بعد تشکیل دی گئی ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Century Express Quetta

Bullet No. 2

Dated 06 NOV 2026

Page No. 16

ادارہ جاتی امور میں باہمی رابطے کو موثر بنایا جائے، مہراللہ بادینی

ڈی سی کوئٹہ کی زیر صدارت کوآرڈینیشن کمیٹی کا اجلاس، کارکردگی کا جائزہ لیا

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی کا جائزہ اجلاس منعقد ہوا، جس میں تمام متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں ضلع بھر میں مختلف محکموں کی جانب سے جاری سرگرمیوں اور اقدامات سے متعلق کارکردگی رپورٹس پیش کی گئیں، جن کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں بلوچستان چیریٹی کمیشن کے نمائندوں نے بھی شرکت کی اور اسکولوں، مدارس سمیت دیگر اداروں کی رجسٹریشن کے حوالے سے بریفنگ دی۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی نے متعلقہ محکموں کو ہدایت کی کہ ادارہ جاتی امور میں باہمی رابطے اور تعاون کو مزید مؤثر بنایا جائے، جبکہ تمام ادارے اپنی ذمہ داریاں بروقت اور بہتر انداز میں انجام دیں۔ انہوں نے سرکاری امور میں شفافیت اور کارکردگی کو یقینی بنانے پر بھی زور دیا۔

بلوچستان کی موجودہ صورتحال غور طلب ہے، جسٹس جمال مندوخیل

خوبصورت سرزمین کے ماضی کے حالات واپس لانے کیلئے سر جوڑ کر بیٹھنا ہوگا

اپنے منصب سے مطمئن ہو کر جا رہا ہوں، الوداعی عشائیے سے خطاب

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) سپریم کورٹ کے جج جسٹس جمال خان مندوخیل نے کہا ہے کہ بلوچستان کی موجودہ صورتحال غور طلب ہے، کیا وجوہات ہیں کہ ہم یہاں تک پہنچے ہیں اس خوبصورت سرزمین کے ماضی کے حالات واپس لانے کیلئے سر جوڑ کر بیٹھنا ہوگا، ہمیں امن چاہئے، امن ہوگا تو کاروبار ہوگا امن ہوگا تو لوگ عدالتوں میں آئیں گے۔ یہ بات انہوں نے بلوچستان بار کونسل کی جانب سے اپنے اعزاز میں دیئے گئے الوداعی عشائیہ سے خطاب کرتے ہوئے (باقی صفحہ 5 نمبر 32)

کہی۔ اس موقع پر سپریم کورٹ کے جج جسٹس ہاشم خان کاکڑ، جسٹس نعیم اختر افغان، بلوچستان ہائیکورٹ کے جج جسٹس اقبال کاکڑ، جسٹس قدم لہڑی، جسٹس محمد علی، جسٹس اللہ داد ترین، جسٹس گل حسن ترین، جسٹس مریٹائرڈ عبداللہ بلوچ، جسٹس ریٹائرڈ محمد لیاز سواتی اور سنیئر کاکڑ لیڈ وکیٹ، نادر علی چھلگری لیڈ وکیٹ، لیاز مندوخیل لیڈ وکیٹ، شاہ فہد سینگل لیڈ وکیٹ و دیگر بھی موجود تھے۔ جسٹس جمال خان مندوخیل نے مزید کہا کہ بطور جج انصاف فراہم کرنا میری آئینی ذمہ داری اور فرض تھا اس ذمہ داری کو پوری کرنے کی بھرپور کوشش کی، ہائیکورٹ اور سپریم کورٹ کے وکلاء کو انصاف کا اجراء میرے لیے اعزاز ہے اور اپنے منصب سے مطمئن ہو کر جا رہا ہوں انہوں نے کہا کہ میرا تعلق اس دھرتی سے ہے، اپنے عہدے سے ریٹائر ہو کر دوبارہ اپنے گھر لوٹ آؤں گا، میرا دل ہمیشہ بلوچستان اور اس صوبے کے وکلاء کیساتھ دھڑکتا رہیگا، انہوں نے کہا کہ یہاں کے حالات دیکھ کر میرا دل خون کے آنسو روتا ہے، مجھے وہ پرانے دن یاد آتے ہیں جب میں خود گاڑی ڈرائیو کر کے کبھی کبھی جاتا تھا لیکن آج مجھے سیکیورٹی گھیرا ڈالے ہوئے ہے، جو بدقسمتی ہے موجودہ صورتحال کیوں پیدا ہوئی یہ غور طلب ہے اس کی کیا وجوہات ہیں کہ ہم یہاں تک پہنچے ہیں اس خوبصورت سرزمین کے ماضی کے حالات واپس لانے کیلئے سر جوڑ کر بیٹھنا ہوگا۔

INTEKHAB QUETTA

بلوچستان میں ایک ماہ کے دوران 100 سے زائد نئی کمپنیوں کی رجسٹریشن

رجسٹرڈ کمپنیوں کی تعداد بڑھ کر 3 لاکھ 21 ہزار 794 ہوگئی 173 غیر ملکی سرمایہ کار ڈائریکٹر بنے

کراچی/لاہور (انتخاب نیوز) سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان میں اکتوبر 2026ء کے دوران 5 ہزار 3 نئی کمپنیاں رجسٹرڈ ہوئیں۔ اس پیشرفت کے بعد ملک میں رجسٹرڈ کمپنیوں کی تعداد بڑھ کر 3 لاکھ 21 ہزار 794 ہوگئی، اس دوران 99.9 فیصد کمپنیوں کی رجسٹریشن آن لائن ہوئی۔ ایس ای سی پی کے مطابق نئی کمپنیوں میں 55.4 فیصد پرائیویٹ لمیٹڈ اور 41.6 فیصد سنگل ممبر بقیہ نمبر 59 صفحہ 5 پر

کمپنیاں شامل ہیں، پنجاب میں 2 ہزار 663، اسلام آباد میں 934 اور سندھ میں 751 نئی کمپنیاں رجسٹرڈ ہوئیں، خیبر پختونخوا میں 382، گلگت بلتستان میں 162 اور بلوچستان میں 111 نئی کمپنیاں رجسٹرڈ ہوئیں۔ ایس ای سی پی کے مطابق اکتوبر میں سب سے زیادہ کمپنیاں آئی ٹی سیکٹر میں رجسٹرڈ ہوئیں، انفارمیشن ٹیکنالوجی میں 991 اور ٹریڈنگ میں 767 کمپنیاں رجسٹرڈ ہوئیں، جبکہ سروسز میں 594 اور کنسٹرکشن میں 295 کمپنیوں کی رجسٹریشن ہوئی۔ اسی طرح فوڈ ایڈ بیوریجز میں 219، ہیلتھ میں 213 اور ریئل اسٹیٹ میں 170 کمپنیاں رجسٹرڈ ہوئیں۔ ایس ای سی پی کے مطابق اکتوبر میں رجسٹر ہونے والی کمپنیوں میں 173 غیر ملکی سرمایہ کار ڈائریکٹر بنے، جبکہ کمپنیوں کے شیئر ہولڈرز اور ڈائریکٹرز میں خواتین کی شراکت 13 فیصد رہی۔ ایس ای سی پی کے چیئرمین ڈاکٹر کمیر سومرو کے مطابق کمپنیوں کی رجسٹریشن میں اضافہ ملک میں پھلتی ہوئی سرمایہ کاری کا مظہر ہے، ملک میں کاروبار کرنے کو آسان بنانے کے لیے کارپوریٹ کمپنیاں کو ڈیجیٹل کر رہے ہیں۔

صوبائی مشیر کھیل کے وارنٹ گرفتاری سے متعلق خبر بے بنیاد ہے، ترجمان

کوئٹہ (این این آئی) ترجمان محکمہ کھیل بلوچستان نے مشیر کھیل مینا مجید کے حوالے سے وارنٹ گرفتاری کی خبر کو جھوٹ اور بے بنیاد قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ اس خبر میں کوئی صداقت نہیں۔ ترجمان کے مطابق ایک شخص بقیہ نمبر 30 صفحہ 5 پر

دراصل افغان شہری ہے جس کے خلاف چند ماہ قبل محکمہ کھیل کے خلاف سوشل میڈیا پر پروپیگنڈا کرنے پر جینٹل سائبر کرائم اونیسٹی کمیشن انکوئری کارروائی کی تھی جس کے نتیجے میں وہ جیل بھی جا چکا ہے۔ ترجمان نے بتایا کہ محکمہ کھیل کی جانب سے بھی مذکورہ شخص کے خلاف باقاعدہ مقدمہ درج کروایا گیا۔ ان کے مطابق اب وہ اپنے خلاف درج مقدمے کو جواز بنا کر محکمہ کھیل کے خلاف پروپیگنڈا کر رہا ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 06 NOV 2026

Page No. 17

بامعنی مشاورت اور مشترکہ حکمت عملی کی ضرورت ہے، اصغر اچکزئی

شہید خان بہادر خان اور شہید اسد اچکزئی کی برسی پر 22 نومبر کو چمن میں جلسہ عام ہوگا، اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (آن لائن) اے این پی کی صوبائی کابینہ پارلیمانی پارٹی مرکزی عہدیداران سنگری وکیلان پشتون ایس ایف اور ضلع کوئٹہ کے ذمہ داران کا مشترکہ اجلاس صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی کی زیر صدارت ہوا اجلاس میں صوبے کی مجموعی سیاسی حالات امن و امان کی بگڑتی ہوئی صورت حال ساحل و ٹھ سے زلی گلستان عوام کو درپیش مشکلات سیاسی و جمہوری قوتوں کے مشترکہ کردار اور پارٹی لائحہ عمل تنظیمی و عوامی پروگراموں اور اصغر خان اچکزئی کی باعزت بری کے حوالے سے تفصیلی غور و خوض کیا گیا اجلاس میں صوبے میں امن و امان کی تشویشناک صورتحال پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا گیا کہ موجودہ حالات میں سیاسی جماعتوں جمہوری قوتوں اور دیگر اسٹیک ہولڈرز کے درمیان باہمی مشاورت اور مشترکہ حکمت عملی کی ضرورت ہے اجلاس میں شہدائے وطن شہید خان بہادر خان جیلانی خان اچکزئی کی 16 ویں اور شہید اسد خان اچکزئی کی چھٹی برسی کے موقع پر 22 نومبر کو چمن میں ہونے والے جلسہ عام کی تیاریوں کا بھی تفصیلی جائزہ لیا گیا جلسے میں پارٹی کے مرکزی صدر سینیٹر ایمل ولی خان کی خصوصی شرکت کے حوالے سے انتظامی تنظیمی اور عوامی سطح پر تیاریوں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

مضبوط فیڈریشن اور خودمختار پارلیمان چاہتے ہیں، محمود اچکزئی

غیر جمہوری حکومت کے خلاف ملک گیر تحریک چلائیں گے، چیئرمین پشتونخوا میپ

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) پشتونخوا میپ کے چیئرمین / قائد حزب اختلاف اور تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ محمود خان اچکزئی نے کہا ہے کہ ہم بنیادی طور پر تحریک تحفظ آئین پاکستان اور ان تمام سیاسی جماعتوں کی نمائندگی کرتے ہیں جن کا نصب العین ملک کو ایک ایسی مضبوط فیڈریشن بنانا ہے جہاں آئین کی بالادستی، طاقت کا اصل سرچشمہ پارلیمان اور ملکی سیاست کا محور پاکستان کی پارلیمنٹ ہو، جہاں سے ریاست کی تمام داخلی و خارجی پالیسیاں تشکیل پائیں جس انداز میں مولانا فضل الرحمن کی گرفتاری کی جارہی ہے ہم اس کی مذمت کرتے اور یہ واضح کردینا چاہتے ہیں کہ یہ ہتھکنڈے اب مزید نہیں چلیں گے۔ اگر کوئی چیز اور سچ کی بات کرے گا اور غلطیوں کی نشاندہی کرے گا تو اس کے جواب میں یہ رویہ نہ صرف ملکی سیاسی فضا کو مکدر کردے گا بلکہ حالات کو خطرناک نہج تک پہنچادے گا۔ انہوں نے کہا کہ آل پارٹیز کانفرنس کے انعقاد کے حوالے سے کمیٹی قائم کردی ہے اور رواں ماہ اس کی تاریخ کا باقاعدہ اعلان کردیا جائے گا، ساتھ ہی پاکستان تحریک انصاف اور جمعیت علماء اسلام کے مابین شکوک و شبہات کے ازالے کے لیے بھی کمیٹی بنادی گئی ہے انہوں نے کہا کہ پاکستان میں ایک ایسا مضبوط اور مستحکم اتحاد تشکیل پائے گا جو ملک میں موجود ہر قسم کی غیر جمہوری قوتوں کا ڈٹ کر مقابلہ کرے گا اور ہم اس غیر جمہوری حکومت کے خلاف ملک گیر تحریک چلائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ہم خیبر پختونخوا کے چار کروڑ عوام کے مینڈیٹ کی توہین کی مذمت کرتے ہیں۔

تعلیم کے شعبے پر کوئی سمجھوتہ نہیں کریں گے، ہدایت الرحمٰن بلوچ

اداروں کے مسائل حل اور سہولیات فراہم کی جائیں، ایجوکیشن آفس میں خطاب

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) امیر جماعت اسلامی بلوچستان رکن بلوچستان اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفس گوادر میں اجلاس ہوا جس میں اسٹاف میں سہولیات کی بہتری، درپیش مسائل کے حل اور بنیادی سہولیات کی فراہمی سے متعلق امور کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن افسر زاہد بلوچ، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن افسر (کمیلی) زرخاتون، یوسف گوادر کے انچارج عادل نوید زئی سمیت محکمہ تعلیم کے افسران نے شرکت کی ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا کہ گوادر کے تعلیمی اداروں کو درپیش مسائل کے حل کے لیے فوری اور عملی اقدامات کیے جائیں اسکولوں میں تعلیمی سرگرمیوں کو منوثر بنانے، اساتذہ کی کارکردگی بہتر کرنے اور طلبہ کو ضروری سہولیات فراہم کرنے کے لیے متعلقہ حکام سنجیدگی سے اپنی ذمہ داریاں ادا کریں۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. ۶

Dated: 06 NOV 2026

Page No. 18

ڈیرہ اللہ یار: شوہر کی فائرنگ سے بیوی سمیت دو افراد ہلاک

ڈیرہ اللہ (نامہ نگار) ڈیرہ اللہ یار کے قریب حنیظ آباد گوٹھ عبداللطیف میں شوہر شاہ محمد نے سیاہ کاری کے الزام میں فائرنگ کرکے اپنی بیوی مسمات رح اور امیر بخش نامی شخص کو ہلاک کردیا اور فرار ہوگئے پولیس نے لاشیں ضروری کارروائی کے بعد لواحقین کے حوالے کردیں۔

اوستہ محمد: ڈاکو شہری سے موٹر سائیکل چھین کر فرار

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) اوستہ محمد میں ڈاکوؤں نے شہری واحد بخش سے موٹر سائیکل، ہزاروں روپے اور قیمتی موبائل فون چھینٹنل لیا اور فرار ہوگئے واقعے کے خلاف سینکڑوں مشتعل شہریوں نے رات گئے تھانے کے سامنے ٹائر جلا کر شاہراہ بلاک کردی۔

ڈیرہ بگٹی، شمسر روڈ پر نصب بارودی سرنگ ناکارہ بنادی گئی

کارروائی میں ایف سی و پاک آرمی کی بم ڈسپوزل ٹیموں نے حصہ لیا

ڈیرہ بگٹی (آن لائن) شمسر روڈ پر زمین میں نصب بارودی سرنگ کی بروقت نشاندہی کے بعد ایف سی اور پاک آرمی کی بم ڈسپوزل ٹیم نے کامیاب کارروائی کرتے ہوئے اسے دھماکے سے ناکارہ بنا دیا، جس کے نتیجے میں علاقے کو ممکنہ بڑے نقصان سے محفوظ کرلیا گیا ڈسٹرکٹ پولیس ساؤتھ ڈیرہ بگٹی کے مطابق 4 نومبر کو شام تقریباً 5 بج کر 40 منٹ پر ڈیرہ بگٹی ..... بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

بم ڈسپوزل ٹیم نے موقع پر پہنچ کر مذکورہ بارودی سرنگ کو کامیاب دھماکے کے ذریعے ناکارہ بنا دیا۔ پولیس کے مطابق بارودی سرنگ میں تقریباً 5 کلوگرام دھماکہ خیز مواد نصب تھا۔ ڈسٹرکٹ پولیس ساؤتھ ڈیرہ بگٹی نے ایف سی اور پاک آرمی کی بم ڈسپوزل ٹیم کی پیشہ ورانہ مہارت اور بروقت کارروائی کو سراہتے ہوئے کہا کہ قانون نافذ کرنے والے اداروں کے باہمی تعاون اور مشترکہ کوششوں سے علاقے کو ممکنہ خطرے سے محفوظ بنایا گیا پولیس نے عوام سے اپیل کی ہے کہ کسی بھی مشکوک چیز یا بارودی مواد کی موجودگی کی صورت میں فوری طور پر قریبی پولیس تھانے کو اطلاع دیں اور ایسی اشیاء کو ہرگز چھونے یا ان کے قریب جانے کی کوشش نہ کریں۔ عوام کی جان و مال کا تحفظ پولیس کی اولین ترجیح ہے۔

نیشنل بینک اوتھل ڈکیتی میں ملوث تین ملزمان گرفتار

حب (نامہ نگار) نیشنل بینک اوتھل میں ہونے والی بڑی ڈکیتی کے مقدمے میں لسبیلہ پولیس نے کامیابی حاصل کرتے ہوئے واردات میں ملوث پانچ ملزمان میں سے تین کو گرفتار کرلیا جبکہ دو کی گرفتاری کے لیے کارروائیاں جاری ہیں۔ ایس ایس پی لسبیلہ نجیب اللہ چنڑانی نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے بتایا کہ فروری 2025 میں نیشنل بینک اوتھل میں ہونے والی ڈکیتی میں ملوث پانچوں ملزمان لسبیلہ یونیورسٹی کے طالب علم ہیں۔ واردات میں بینک سے 20 کروڑ روپے لوٹے گئے تھے، جبکہ اس دوران ایس ایچ او اوتھل یار محمد کمانڈو بھی زخمی ہوئے تھے۔

کوئٹہ: قمبرانی روڈ پر فائرنگ سے رکشہ ڈرائیور زخمی

موٹر سائیکل سوار رکشہ چوری کررہے تھے کہ مالک بروقت پہنچ گیا جس پر چوروں نے فائرنگ کردی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کوئٹہ کے علاقے قمبرانی روڈ پر نامعلوم ملزمان نے فائرنگ کرکے رکشہ ڈرائیور کو زخمی کردیا پولیس کے مطابق گزشتہ روز قمبرانی روڈ پر نامعلوم موٹر سائیکل سوار رکشہ چوری کررہے تھے کہ اس مالک بلال احمد بروقت موقع پر پہنچ گیا مزاحمت کرنے پر فائرنگ کرکے زخمی کردیا گیا زخمی کو ہسپتال منتقل کردیا گیا مزید کارروائی جاری ہے۔

پنجگور: چیکنگ کے دوران زمیاد گاڑی سے 26 کلو آئس برآمد

منشیات تیل کے کینوں میں چھپائی گئی تھی ڈرائیور مصدق سکنہ واشک گرفتار

پنجگور (این این آئی) پنجگور گوار گو پولیس تھانہ کی کارروائی چیکنگ کے دوران زمیاد گاڑی سے کروڑوں روپے مالیت کی آئس شیشہ برآمد ایک ملزم گرفتار انسداد منشیات ایکٹ کے تحت مقدمہ درج۔ ایس ڈی پی او گوار گو جاوید بلوچ نے ایس ایچ او گوار گو امتیاز احمد کے ہمراہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کارروائی کی مزید تفصیلات بتاتے کہا کہ گوران پوسٹ پر ایس پی پنجگور سردار ایاز خان کی ہدایت پر چیکنگ کے دوران ایک زمیاد گاڑی کو روکا..... بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

تلاشی کے دوران تیل کے کینوں سے 26 کلو آئس شیشہ برآمد کرکے ڈرائیور مصدق ولد صاحب خان سکنہ واشک کو گرفتار کرکے گاڑی قبضے میں لیا ایس ڈی پی او جاوید بلوچ نے مذید کہا کہ منشیات کے خلاف پولیس کے بالا آفیسران کی واضح اور دوٹوک ہدایات ہیں جس پر مثل درآمد جاری ہے انہوں نے کہا کہ گرفتار ملزم سے تحقیقات جاری ہے جاوید بلوچ نے کہا کہ پکڑی گئی منشیات پنجگور کے راستے سے تربت منتقل کی جارہی تھی جس کی بین الاقوامی منڈی میں قیمت کروڑوں روپے بنتی ہے۔

زمین کے تنازعے پر فائرنگ، ایک خاتون سمیت دو افراد زخمی

فائرنگ سے پورے علاقے میں خوف و حراس پایا جارہا ہے، پولیس

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) بمل گمبی کے علاقے مولوی میں مبینہ اراضیات کے تنازعے پر گزشتہ دو روز سے جاری فائرنگ میں ایک خاتون سمیت دو افراد کے زخمی ہونے کی اطلاعات ہیں جبکہ فائرنگ سے پورے علاقے میں خوف و حراس پایا جارہا ہے پولیس حکام کے مطابق پولیس جائے وقوع پر پہنچ گئی ہے اور حالات پر قابو پا کر مذید تحقیقات شروع کردی ہے۔

سے ایک قبیلے کے دو گروپ کے درمیان زرعی اراضیات کے تنازعے پر جاری فائرنگ سے ایک خاتون سمیت دو افراد کے زخمی ہونے کی اطلاعات ہیں جبکہ فائرنگ سے پورے علاقے میں خوف و حراس پایا جارہا ہے پولیس حکام کے مطابق پولیس جائے وقوع پر پہنچ گئی ہے اور حالات پر قابو پا کر مذید تحقیقات شروع کردی ہے۔

منجھو شوریٰ: پولیس سے سرکاری اسلحہ چھیننے والا ملزم گرفتار

چھینی گئی سرکاری ایس ایم جی بمعہ ایمونیشن برآمد کرلی گئی، پولیس حکام

ڈیرہ مراد جمالی (آن لائن) منجھو شوریٰ کی حدود میں ڈیوٹی پر مامور پولیس ملازم سے سرکاری اسلحہ چھیننے کی واردات میں ملوث ملزم گرفتار، چھینی گئی سرکاری ایس ایم جی بمعہ ایمونیشن برآمد پولیس کے مطابق ایس ایس پی نصیر آباد اسد ناصر کی خصوصی ہدایات و احکامات پر منجھو شوریٰ و خان کوٹ پولیس کی مشترکہ اہم کارروائی 11 اکتوبر 2026ء کو منجھو شوریٰ کے علاقے امام بارگاہ خوث بخش گولا پر ڈیوٹی پر مامور پولیس ملازم پر مسلح افراد نے حملہ کرکے سرکاری ایس ایم جی اور میگزین چھین لیا تھا اور موقع سے فرار ہوگئے تھے۔ واقعے کا فوری نوٹس لیتے ہوئے ایس ایس پی نصیر آباد اسد ناصر نے ملزمان کی گرفتاری اور سرکاری اسلحہ کی برآمدگی کے لیے خصوصی ٹیمیں تشکیل دی تھیں۔ ایس ڈی پی او تمبو سرکل حاجی امیر جان گمبی کی زیر نگرانی ایس ایچ او منجھو شوریٰ انسپکٹر عابد حسین بنگلزئی اور ایس ایچ او خان کوٹ نے بھاری پولیس نفری کے ہمراہ مزار ڈیپ کے قریب کارروائی کرتے ہوئے نامزد ملزم کو اس کی رہائش گاہ سے حراست میں لے لیا۔ دوران تلاشی ملزم کے قبضے سے چھینی گئی سرکاری ایس ایم جی، ایک عدد میگزین اور 30 عدد زندہ راؤنڈز بھی برآمد کرلیے گئے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 06 NOV 2026

Page No. 19

پرائیویٹ ٹرانسپورٹرز کا ہزار گنجی بس ٹرمینل پر اعتراض، الاٹمنٹ قبول نہ کرنے کا اعلان

ہزار گنجی بس ٹرمینل پہلے ہی ٹرانسپورٹرز کو الاٹ ہو چکا ہے، قانونی دستاویزات موجود ہیں، کیو ڈی اے ٹرمینل کی الاٹمنٹ کے غیر قانونی عمل سے باز رہے، بیان

کوئٹہ (پ ر) آل بلوچستان ٹرانسپورٹرز ایکشن کمیٹی، آل بلوچستان بس ایسوسی ایشن، آل بلوچستان آئل ٹینکرز ایسوسی ایشن، آل بلوچستان بیروزگار یونین، بلوچستان گڈز ٹرک اونرز ایسوسی ایشن اور منی مزدا ٹرک ایسوسی ایشن کے رہنماؤں نے کوئٹہ کراچی ہزار گنجی بس ٹرمینل کی مبینہ غیر قانونی الاٹمنٹ پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ ٹرانسپورٹرز کو پہلے سے الاٹ شدہ ٹرمینل کی دوبارہ الاٹمنٹ کسی صورت قبول نہیں کی جائے گی۔ کوئٹہ ڈویلپمنٹ اتھارٹی (کیو ڈی اے) اس غیر قانونی عمل سے فوری طور پر باز رہے، بصورت دیگر ٹرانسپورٹرز اپنے حقوق کے تحفظ کے لیے پرامن احتجاج سمیت تمام قانونی راستے اختیار کرنے پر مجبور ہوں گے۔ معروف ٹرانسپورٹرز میر حکمت لہڑی، میر دولت خان لہڑی، آل بلوچستان بس فیڈریشن کے صدر لالا سعید لہڑی، آل بلوچستان ٹرانسپورٹرز ایکشن کمیٹی کے صدر حاجی حبیب اللہ خان بادیزئی، جنرل سیکرٹری میر اکبر لہڑی، حاجی موسیٰ جان اچکزئی، حاجی نصر اللہ دھوار، علی محمد اچکزئی، حاجی نعل محمد مشوانی، آل بلوچستان بیروزگار یونین کے صدر میر زبیر لانگو، جنرل سیکرٹری لطیف شاہوانی، آل بلوچستان آئل ٹینکرز ایسوسی ایشن کے صدر حاجی داؤد کرد، حاجی یاسین بنگلوئی، نور محمد، بلوچستان گڈز ٹرک اونرز ایسوسی ایشن کے صدر حاجی نور محمد شاہوانی، نائب صدر خدائیداد شاہوانی، حاجی عطا اللہ کاکڑ، منی مزدا ٹرک ایسوسی ایشن کے چیئرمین حاجی بابو رئیسانی، صدر قدیم اللہ بڑیچ، جنرل سیکرٹری یونس پٹھان اور دیگر رہنماؤں نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا کہ ہزار گنجی بس ٹرمینل بہت پہلے ٹرانسپورٹرز کو باقاعدہ الاٹ کیا جا چکا ہے، جس کے قانونی دستاویزات بھی موجود ہیں۔ اس کے علاوہ ٹرمینل کی الاٹمنٹ سے متعلق معاملہ پہلے ہی عدالت میں زیر سماعت ہے، لہٰذا عدالتی کارروائی اور قانونی حقائق کو نظر انداز کرتے ہوئے دوبارہ الاٹمنٹ کی کوشش نہ صرف قابل تشویش بلکہ ٹرانسپورٹرز کے حقوق کے منافی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ٹرانسپورٹرز نے طویل عرصے سے اپنی محنت اور وسائل کے ذریعے اس ٹرمینل کو فعال بنانے میں کردار ادا کیا ہے، ایسے میں کسی بھی یکطرفہ یا غیر قانونی اقدام سے ہزاروں ٹرانسپورٹرز، محنت کشوں اور ان سے وابستہ افراد کے روزگار اور مفادات متاثر ہونے کا خدشہ ہے۔ متعلقہ اداروں کو چاہیے کہ وہ کسی بھی اقدام سے قبل تمام قانونی دستاویزات اور عدالتی کارروائی کو مدنظر رکھیں اور ٹرانسپورٹرز کے جائز حقوق کا احترام کریں۔ رہنماؤں نے حکومت بلوچستان اور متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا کہ ہزار گنجی بس ٹرمینل کی مبینہ غیر قانونی الاٹمنٹ کا عمل فوری طور پر روکا جائے

بسیمہ آوارہ کتوں کی بہتات سے شہری پریشان، انسداد مہم شروع کرنے کا مطالبہ

بچوں، بزرگوں اور پیدل چلنے والے افراد کو بھی بازار میں آمدورفت کے دوران مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے، رپورٹ

بسیمہ (نمائندہ خصوصی) بسیمہ بازار میں آوارہ کتوں کی بڑھتی ہوئی تعداد نے شہریوں، دکانداروں اور بازار آنے جانے والے افراد کے لیے شدید مشکلات اور خطرات پیدا کر دیے ہیں۔ بازار کے مختلف مقامات خصوصاً تین چوک پر آوارہ کتوں کے غول کی موجودگی کے باعث عوام میں خوف و ہراس پایا جاتا ہے۔ شہریوں کے مطابق آوارہ کتوں کے اچانک سڑک پر آنے اور موٹر سائیکلوں کے پیچھے بھاگنے کے باعث متعدد موٹر سائیکل سواروں اور گاڑیوں کو حادثات پیش آ چکے ہیں، جس سے کسی بڑے جانی نقصان کا خدشہ بھی بڑھ گیا ہے۔ بچوں، بزرگوں اور پیدل چلنے والے افراد کو بھی بازار میں آمدورفت کے دوران مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ شہریوں نے ڈپٹی کمشنر واشک، اسسٹنٹ کمشنر بسیمہ اور محکمہ بلدیات بلوچستان کے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ بسیمہ میں ٹاؤن کمیٹی کی عدم فعالیت کے باعث پیدا ہونے والے شہری مسائل کا نوٹس لیا جائے اور فوری طور پر متعلقہ عملے پر مشتمل ٹیم تشکیل دے کر بازار اور رہائشی علاقوں سے آوارہ کتوں کی روک تھام، ویکسینیشن اور نس بندی کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ عوام کی جان و مال کا تحفظ ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہونی چاہیے۔ شہریوں نے خبردار کیا ہے کہ اگر بروقت اقدامات نہ کیے گئے تو آوارہ کتوں کے باعث کوئی بڑا حادثہ یا جانی نقصان رونما ہو سکتا ہے، جس کی ذمہ داری متعلقہ حکام پر عائد ہوگی۔

پنجگور میں کروڑوں روپے سے تعمیر سرکاری عمارتیں خستہ حالی کا شکار

مشرقی خدابادان گرلز ہائی اسکول کے کلاس رومز اور پانی کی ٹینکی کی حالت توجہ طلب، منصوبوں کی نگرانی کے شفاف آڈٹ کا مطالبہ

پنجگور (نامہ نگار) ضلع پنجگور کے مختلف علاقوں میں کروڑوں روپے کی لاگت سے تعمیر ہونے والی سرکاری عمارتیں مبینہ ناقص تعمیراتی کام اور عدم توجہی کے باعث خستہ حالی کا شکار ہونے لگی ہیں، جس سے سرکاری ترقیاتی منصوبوں کے تعمیراتی معیار، نگرانی اور فنڈز کے مؤثر استعمال کے حوالے سے سوالات اٹھنے لگے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق پنجگور کے علاقے مشرقی خدابادان میں واقع گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول میٹرک کی سطح تک تعلیم کی سہولت فراہم کرنے کے لیے کروڑوں روپے کی لاگت سے تعمیر کیے گئے کلاس رومز اور پانی کی ٹینکی کی حالت توجہ طلب ہے۔ تعلیمی سہولیات کی فراہمی کے لیے تعمیر ہونے والی عمارتوں کی موجودہ صورتحال کے پیش نظر متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا جا رہا ہے کہ منصوبوں کا فوری جائزہ لے کر تعمیراتی معیار کی جانچ پڑتال کی جائے۔ تعلیم کسی بھی معاشرے کی ترقی میں بنیادی کردار ادا کرتی ہے، تاہم اگر تعلیمی اداروں کے لیے مختص ترقیاتی فنڈز سے تعمیر ہونے والی عمارتیں معیاری تعمیر اور مناسب دیکھ بھال سے محروم رہیں تو اس سے نہ صرف قومی خزانے پر بوجھ پڑتا ہے بلکہ طالبات کو فراہم کی جانے والی تعلیمی سہولیات بھی متاثر ہوتی ہیں۔ عوامی حلقوں کے مطابق سرکاری ترقیاتی منصوبوں پر کروڑوں روپے خرچ کرنے کا مقصد عوام کو بنیادی سہولیات فراہم کرنا اور تعلیمی اداروں کو بہتر بنانا ہے، لیکن تعمیر کے بعد منصوبوں کی نگرانی اور دیکھ بھال نہ ہونے سے سرکاری سرمایہ کاری کی افادیت پر سوالات پیدا ہوتے ہیں۔ شہری حلقوں نے مطالبہ کیا ہے کہ گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول مشرقی خدابادان سمیت ضلع کے مختلف علاقوں میں تعمیر ہونے والی سرکاری عمارتوں کا فوری اور شفاف معائنہ کیا جائے، تعمیراتی معیار، مختص فنڈز اور ان کے استعمال کی مکمل جانچ پڑتال کی جائے جبکہ جہاں ناقص تعمیراتی کام ثابت ہو وہاں ذمہ دار ٹھیکیداروں اور متعلقہ حکام کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے۔ عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ سرکاری عمارتوں کی تعمیر محض منصوبوں کی تکمیل اور افتتاح تک محدود نہیں ہونی چاہیے بلکہ ان کی پائیداری، تعمیراتی معیار اور عوامی ضروریات کے مطابق استعمال کو بھی یقینی بنایا جائے تاکہ قومی وسائل سے تعمیر ہونے والے منصوبے دیرپا عوامی فائدے کا ذریعہ بن سکیں۔

چاغی کا 88 کروڑ روپے کا واٹر سپلائی منصوبہ سست روی کا شکار

شہر میں پانی کی شدید قلت سے شہری مشکلات کا شکار، شادی شیف واٹر سپلائی اسکیم کی تکمیل میں تاخیر پر عوامی تشویش

چاغی (نامہ نگار) چاغی شہر کا 88 کروڑ روپے کی لاگت سے تعمیر ہونے والا واٹر سپلائی اسکیم منصوبہ سست روی کا شکار ہونے کے باعث شہریوں کی مشکلات میں اضافہ ہو گیا ہے، جبکہ شہر میں پانی کی شدید قلت نے عوام کو پریشانی میں مبتلا کر رکھا ہے۔ عوامی حلقوں کے مطابق محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ اور متعلقہ ٹھیکیدار کی جانب سے واٹر سپلائی منصوبے کی تعمیر میں تاخیر کے باعث کروڑوں روپے کی لاگت سے شروع کیے گئے منصوبے کی بروقت تکمیل متاثر ہونے کا خدشہ ہے۔ چاغی شادی شیف واٹر سپلائی اسکیم کے پہلے مرحلے میں شادی شیف کے مقام پر بورنگ اور پانی کی ٹینکی کی تعمیر مکمل کر لی گئی تھی، تاہم گزشتہ کئی ماہ سے ٹھیکیدار کی جانب سے کام کی رفتار سست ہونے کے باعث منصوبہ مزید تاخیر کا شکار ہے۔ شہریوں کی تمام امیدیں نہ کردہ واٹر سپلائی منصوبے سے وابستہ ہیں تاکہ شہر میں پانی کی دیرینہ قلت کا مسئلہ حل ہو سکے۔ عوامی حلقوں نے ایم پی اے چاغی حاجی صادق خان سنجرانی اور سابق کوآرڈینیٹر بلوچستان میرا عجاز خان سنجرانی سے اپیل کی ہے کہ وہ منصوبے کی سست روی کا فوری نوٹس لیتے ہوئے محکمہ پی ایچ ای کے ضلعی افسر اور متعلقہ ٹھیکیدار کو طلب کریں اور منصوبے کی جلد تکمیل کے لیے مؤثر اقدامات یقینی بنائیں تاکہ چاغی کے شہریوں کو پانی کی فراہمی ممکن ہو سکے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 06 NOV 2026

Page No. 20

بلوچستان میں ریونیو استعداد کار میں اضافے کیلئے اصلاحات، صوبے کو خود کفیل اور مضبوط بنانے کی ضرورت

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت بلوچستان ریونیو اتھارٹی کی استعداد کار میں اضافے، محصولات کے سالانہ اہداف کے حصول اور ادارے کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ بنانے کے لیے اصلاحاتی اقدامات اور قابل عمل حکمت عملی کا جائزہ لینے سے متعلق اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ادارے کی مجموعی کارکردگی، محصولات کے حصول کی صورتحال اور انتظامی و ادارہ جاتی اصلاحات پر تفصیلی غور کیا گیا۔ اس موقع پر سیکرٹری خزانہ جہانگیر خان اور چیئرمین بلوچستان ریونیو اتھارٹی عبداللہ خان نے ادارے کی مجموعی کارکردگی، سالانہ مالی اہداف کے حصول، محصولات میں اضافے کے امکانات اور مجوزہ اصلاحاتی اقدامات کے حوالے سے اجلاس کو بریفنگ دی۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ بلوچستان ریونیو اتھارٹی میں ڈیپوٹیشن پر تعینات افسران کی خدمات ان کے متعلقہ محکموں کو واپس کی جائیں گی، جبکہ ادارے کی پیشہ ورانہ استعداد اور کارکردگی بہتر بنانے کے لیے مارکیٹ اور متعلقہ شعبوں کے ماہرین کی خدمات حاصل کی جائیں گی تاکہ محصولات کے حصول کے لیے جدید تقاضوں کے مطابق موثر حکمت عملی وضع کی جاسکے۔ وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے ہدایت کی کہ بلوچستان ریونیو اتھارٹی کو ایک مضبوط، فعال اور پیشہ ورانہ بنیادوں پر استوار ادارہ بنایا جائے اور محصولات کے حصول کے لیے روایتی طریقہ کار کے بجائے جدید انتظامی و تکنیکی مہارتوں سے استفادہ کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ صوبے کے مالی وسائل میں اضافے اور محصولات کے مقررہ اہداف کے حصول کے لیے ادارے کی استعداد کار میں بہتری ناگزیر ہے، اس مقصد کے لیے اصلاحاتی اقدامات کو موثر انداز میں آگے بڑھایا جائے۔ اجلاس میں صوبائی وزیر داخلہ میر ضیا لانگو، چیف سیکرٹری بلوچستان خلیل قادر خان، سیکرٹری خزانہ جہانگیر خان، چیئرمین بلوچستان ریونیو اتھارٹی عبداللہ خان اور دیگر متعلقہ اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔ بہر حال بلوچستان میں ریونیو کی استعداد کار بڑھانے سے صوبے کو براہِ راست مالی خود مختاری، وفاقی فنڈز پر انحصار میں کمی اور پائیدار ترقیاتی بجٹ کی دستیابی جیسے اہم مالی فوائد حاصل ہوں گے۔ فی الوقت بلوچستان کا صوبائی بجٹ 75 فیصد سے زائد این ایف سی ایوارڈ اور وفاقی منتقلیوں پر منحصر ہے اس لیے ریونیو کی اپنی استعداد بڑھانا صوبے کے معاشی مستقبل کے لیے ناگزیر ہے۔ صوبے کی اپنی آمدنی بڑھنے سے وفاقی حکومت پر مالی انحصار کم ہوگا۔ بلوچستان ریونیو اتھارٹی کی حالیہ اصلاحات، سروسز پر سیلز ٹیکس کی بہتر وصولی اور ٹیکس نیٹ کی توسیع مثلاً جیولرز، پراپرٹی ڈیلرز اور آن لائن کاروبار کی دستاویز بندی سے صوبائی خزانے میں اربوں روپے کا اضافہ ممکن ہو رہا ہے۔ اضافی مالی وسائل حاصل ہونے سے بلوچستان اپنے پبلک سیکٹر ڈویلپمنٹ پروگرام کو بیرونی قرضوں کے بغیر چلا سکے گا، اس سے صوبے کے دور دراز اضلاع میں سڑکوں کے جال، پانی کے منصوبوں اور توانائی کے بنیادی ڈھانچے جیسے ٹیوب ویلوں کی سولرائزیشن کے لیے بلا تعطل فنڈز فراہم کیے جاسکیں گے۔ جب صوبے کا اپنا ریونیو بڑھے گا، تو بجٹ کا ایک بڑا حصہ سماجی شعبے کی ترقی پر خرچ ہو سکے گا۔ نوجوانوں کو جدید ہنر سکھانے اور نئی سرکاری ملازمتوں کے مواقع پیدا کرنے کے لیے رقم دستیاب ہوگی۔ ہسپتالوں کی حالت زار بہتر بنانے اور غریب عوام کو صحت کی بنیادی سہولیات کی فراہمی آسان ہوگی۔ بلوچستان ریونیو اتھارٹی کی مکمل ڈیجیٹلائزیشن اور ٹیکس نظام میں مصنوعی ذہانت کا استعمال عمل میں لایا جا رہا ہے۔ آن لائن ٹیکس وصولی کے اس جدید نظام سے جہاں ٹیکس چوری کا خاتمہ ممکن ہوگا وہاں سرکاری خزانے کو ہونے والی ممکنہ اربوں روپے کی مالی بے ضابطگیوں اور کرپشن کو روک کر نقصان سے بچا جاسکے گا۔ بلوچستان سونا، تانبا، گیس اور دیگر معدنیات سے مالا مال خطہ ہے۔ ریونیو کے محکموں کی استعداد بڑھنے سے ریکوڈک، سوئی گیس اور دیگر بڑے منصوبوں سے رائلٹی کی وصولی کا نظام مضبوط ہوگا جس سے حاصل ہونے والا منافع براہِ راست مقامی آبادی کی فلاح و بہبود پر لگایا جاسکے گا۔ جب ٹیکس کا نظام آسان، شفاف اور فعال ہوتا ہے تو نجی سرمایہ کاروں کا اعتماد بحال ہوتا ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

MEEZAN QUETTA
06 NOV 2026

Bullet No ۶ Dated: Page No. ۲۱

صوبائی حکومت عوام کی فلاح و بہبود اور دیگر اقدامات کے لیے کوشاں!

چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان نے اپنی زیر صدارت ہونے والی ڈپٹی کمشنرز کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا ہے کہ صوبائی حکومت عوام کی فلاح و بہبود، تمام بنیادی سہولیات کی فراہمی اور معیار زندگی میں مزید بہتری کے لیے دستیاب وسائل کے اندر مستقل کام کر رہی ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ سرکاری آفیسران عوامی مسائل کے حل کو اپنی ذاتی ذمہ داری سمجھیں، شفافیت اور احساس ذمہ داری کے ساتھ فرائض انجام دیں اور ضلعی سطح پر حکومت کے اقدامات کے ثمرات کو عوام تک پہنچائیں۔ ڈپٹی کمشنرز کانفرنس میں ترقیاتی منصوبوں کی رفتار، اشیائے خوردونوش کی قیمتوں کی نگرانی، غیر قانونی طور پر مقیم تارکین وطن کی صورتحال سمیت اہم عوامی امور کا جائزہ لیا گیا۔ انہوں نے حکومت کو ہدایت کی کہ جاری ترقیاتی منصوبوں کو مقررہ مدت اور معاشی و سماجی ترقی کے لیے نہایت ضروری ہے۔ انہوں نے ڈپٹی کمشنرز کو ہدایت کی کہ شہریوں کی شکایات پر فوری طور پر عمل درآمد اور ان کا ازالہ اولیت کی بنیاد پر کیا جائے۔ انہوں نے پرائس کنٹرول کمیٹی کے حوالے سے کہا کہ اشیاء ضروریہ کی قیمتوں کی باقاعدہ نگرانی کی جائے تاکہ منافع خوری روکی جا سکے اور عام شہریوں کو فائدہ پہنچ سکے۔ لوکل کونسلز میں صفائی کی صورتحال بہتر بنانے، کوڑا کرکٹ کے بروقت اٹھانے اور شہریوں کو صاف و ستھرا ماحول فراہم کرنے کی بھی ہدایت جاری کی۔

ہم سمجھتے ہیں کہ چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کا ڈپٹی کمشنرز کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی حکومت عوام کی فلاح و بہبود، تمام بنیادی سہولیات کی فراہمی اور معیار زندگی میں مزید بہتری کے لیے دستیاب وسائل کے اندر مستقل کام کر رہی ہے کے حوالے سے مذکورہ بیان کو عملی جامہ پہنانے کے لیے اقدامات کرنے کی اشد ضرورت ہے کیونکہ اس حوالے سے انہوں نے عوامی مسائل، ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل، اشیائے خوردونوش کی قیمتوں کی نگرانی، غیر قانونی طور پر مقیم تارکین وطن کی صورتحال سمیت اہم عوامی امور کے جائزے کے حوالے جو متعلقہ حکام کو ہدایت جاری کی ہیں ان تمام کو سنجیدہ لینا ضروری ہے۔ اگر اشیائے خوردونوش کی قیمتوں کے حوالے سے بات کی جائے تو یہ مسئلہ مستقل بنیادوں پر حل نہیں ہو رہا۔ اس ضمن میں متعلقہ حکام کبھی کبھار حرکت میں آکر قیمتوں کے استحکام کے لیے کوششیں کرتے ہیں اور چھاپے اور گرفتاریاں ہوتی ہیں لیکن پھر خاموشی ہو جانے کے بعد صورتحال پھر پہلی والی پوزیشن پر آجاتی ہے اس عمل کو مستقل بنیادوں پر جاری رکھنا چاہئے تاکہ اس کے ثمرات عام تک پہنچ سکیں اور ان کو ریلیف مل سکے جو کہ موجودہ ہوشربا مہنگائی میں نہیں مل رہا۔ یہ بات بھی حقیقت پر مبنی ہے کہ لوکل کونسلز میں صفائی کی صورتحال بارے تحفظات پائے جاتے ہیں گو کہ اس ضمن میں متعلقہ ادارے کام تو سرانجام دے رہے لیکن ان میں مزید بہتری کے اقدامات کرنے چاہئیں۔ ڈپٹی کمشنرز کو عوامی شکایات کا سننا اور ان پر عمل درآمد کرنا اولین ترجیحات ہونی چاہئیں۔ کیونکہ عوام کے لیے اپنے مسائل کے حل اور شکایات کے ازالے کے لیے یہی ایک پلیٹ فارم ہے جس کو وہ استعمال کر سکتے ہیں اس لیے ان کی پذیرائی ضروری ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Balochistan News Quetta

Bullet No. 6

Dated: 06 NOV 2026

Page No. 22

بلوچستان میں مہنگائی کا بے لگام جن، سرکاری نرخناموں پر عملدرآمد ناگزیر

گزشتہ روز نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار کی زیر صدارت ضافی چینی کی برآمد سے متعلق کابینہ کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا ہے جس میں چینی کے موجودہ ذخائر، ملکی ضروریات اور اضافی چینی کی برآمد کو منظم بنانے کے لئے کئے جانے والے اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں انتظامی، تکنیکی اور طریقہ کار سے متعلق امور کو حتمی شکل دی گئی جبکہ نائب وزیراعظم نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ قومی ضروریات پوری کرنے کے لئے چینی کے اسٹریٹجک ذخائر برقرار رکھے جائیں اور اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ برآمد کے نتیجے میں خوردہ قیمتوں میں اضافے کا کوئی دباؤ پیدا نہ ہو۔ اجلاس میں اس امر پر بھی زور دیا گیا کہ اضافی اشیائے ضروریہ کی برآمد سے زرعی معیشت کو تقویت اور قیمتی زرمبادلہ حاصل کرنا ضروری ہے، تاہم ملکی صارفین کے مفادات کا تحفظ حکومت کی اولین ترجیح رہنا چاہئے۔ یہ ہدایات اپنی جگہ اہم ہیں، لیکن ان کے ساتھ ایک ایسا معاملہ بھی فوری توجہ کا متقاضی ہے جو بالخصوص بلوچستان کے عوام کے لئے روزمرہ زندگی کا سنگین مسئلہ بن چکا ہے۔ صوبے میں اشیائے ضروریہ کی قیمتوں کا غیر معمولی فرق، سرکاری نرخناموں کی کھلی خلاف ورزی اور ذخیرہ اندوزی و گرانفروشی کی شکایات اس بات کی متقاضی ہیں کہ غذائی اجناس کے ذخائر کے ساتھ ساتھ ان کی عام صارف تک رسائی اور فروخت کے نظام کو بھی مؤثر بنایا جائے۔ محض یہ اطمینان کر لینا کافی نہیں کہ ملک میں چینی، گندم اور دیگر اجناس موجود ہیں، اصل سوال یہ ہے کہ یہ اشیاء عام شہری کو کس قیمت پر دستیاب ہو رہی ہیں اور کیا متعلقہ حکام مقرر کردہ نرخوں پر عمل درآمد کرانے میں کامیاب ہیں؟ بلوچستان کی صورت حال دیگر صوبوں سے کئی حوالوں سے مختلف ہے۔ وسیع رقبے، دور دراز آبادیوں، طویل سفری فاصلوں اور دشوار گزار راستوں کے باعث یہاں اشیائے ضروریہ کی ترسیل یقیناً ایک بڑا انتظامی و معاشی چیلنج ہے۔ تاہم اس جغرافیائی حقیقت کو گرانفروشی اور من مانی قیمتوں کے لئے جواز نہیں بنایا جا سکتا۔ بدقسمتی سے صوبے میں ایسا محسوس ہوتا ہے کہ ذخیرہ اندوزی اور گرانفروشی کرنے والے بعض عناصر کو نسبتاً زیادہ آزادی حاصل ہے۔ سرکاری نرخنامے جاری تو ہوتے ہیں، لیکن ان پر عمل درآمد کی صورت حال تسلی بخش دکھائی نہیں دیتی۔ نتیجتاً ہر دکاندار اپنی مرضی کی قیمت وصول کرتا ہے اور خریدار کے پاس بحث کرنے یا مہنگی چیز خریدنے کے سوا کوئی مؤثر راستہ نہیں رہتا۔ اس صورت حال کی ایک واضح مثال آٹے کی قیمتوں میں پایا جانے والا فرق ہے۔ کوئٹہ میں اگر پچاس کلو آٹے کا تھیلا تقریباً ساڑھے سات ہزار روپے میں دستیاب ہو تو اندرون بلوچستان کے بعض علاقوں میں یہی تھیلا ساڑھے آٹھ ہزار روپے تک پہنچ جاتا ہے۔ دیگر اشیائے خوردونوش کے معاملے میں بھی کم و بیش یہی صورت حال دیکھنے کو ملتی ہے۔ سوال یہ ہے کہ ایک ہی صوبے میں بنیادی ضرورت کی ایک ہی جنس کی قیمت میں اتنا نمایاں فرق کیوں ہے؟ اگرچہ ترسیل کے فاصلے اور دیگر اخراجات قیمت پر اثرانداز ہوتے ہیں، لیکن ان اخراجات کی آڑ میں غیر معمولی منافع خوری کو کسی صورت جائز قرار نہیں دیا جا سکتا۔ حکومت کو یہ فرق واضح کرنا ہوگا کہ حقیقی لاگت کتنی ہے اور غیر ضروری اضافے کا ذمہ دار کون ہے۔ یہاں سب سے زیادہ توجہ اس امر پر دینے کی ضرورت ہے کہ بلوچستان کے دور افتادہ اضلاع میں رہنے والے شہری پہلے ہی مختلف مشکلات سے دوچار ہیں۔ روزگار کے محدود مواقع، کم آمدنی، بنیادی سہولیات کی عدم دستیابی اور طویل سفری فاصلوں کے باعث ان کے اخراجات شہری علاقوں کے مقابلے میں کہیں زیادہ ہوتے ہیں۔ ایسے میں اگر آٹا، چینی، گھی، دالیں اور دیگر بنیادی اشیاء بھی زیادہ قیمتوں پر خریدنی پڑیں تو ان کے لئے گھریلو بجٹ چلانا مزید دشوار ہو جاتا ہے۔ مہنگائی کا یہ بوجھ کسی ایک طبقے تک محدود نہیں رہتا بلکہ مزدور، سرکاری ملازم، نجی شعبے سے وابستہ افراد، چھوٹے کاروباری اور دیہاڑی دار سب اس کی زد میں آتے ہیں۔ بالخصوص کم آمدنی والے گھرانوں کے لئے اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں معمولی اضافہ بھی ایک بڑا مسئلہ بن جاتا ہے۔ اس صورت حال میں ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ پرائس کنٹرول اداروں کا کردار غیر معمولی اہمیت اختیار کر جاتا ہے۔ ہر ضلع میں سرکاری نرخنامے کی نمایاں تشہیر، دکانوں پر اس کی موجودگی، روزانہ کی بنیاد پر بازاروں کا معائنہ اور خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف مؤثر کارروائی ناگزیر ہے۔ یہ کارروائیاں محض رسمی دوروں، چند جرمانوں یا تصویری سرگرمیوں تک محدود نہیں ہونی چاہئیں بلکہ ان کے نتائج عام شہری کو محسوس بھی ہونے چاہئیں۔ اگر کسی دکاندار کو مقررہ نرخ سے زائد قیمت وصول کرتے ہوئے پکڑا جائے تو اس کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی ہونی چاہئے۔ اسی طرح بار بار خلاف ورزی کرنے والے عناصر کے خلاف سخت اقدامات کئے جائیں تاکہ قانون کی عملداری محض کاغذوں میں نظر نہ آئے۔ ذخیرہ اندوزی کا معاملہ بھی اسی سلسلے کی ایک اہم کڑی ہے۔ جب کسی شے کی قیمت بڑھنے کا امکان پیدا ہوتا ہے تو بعض عناصر مارکیٹ میں اس کی دستیابی محدود کر کے مصنوعی قلت پیدا کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ گندم اور آٹے کے علاوہ چینی، گھی اور دیگر اجناس کے حوالے سے بھی اس طرزِ عمل کی روک تھام ضروری ہے۔ صوبائی حکومت کو چاہئے کہ بڑے گوداموں، ہول سیل مارکیٹوں اور سپلائی چین میں موجود ذخائر کا باقاعدہ ریکارڈ مرتب کرے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. ۶

Daily: Balochistan Time Quetta

Dated: 06 NOV 2026

Page No. 23

Administrative reforms

The meeting of the Secretaries' Committee, chaired by the Chief Secretary of Balochistan, to review the performance and administrative affairs of provincial departments has highlighted several important issues concerning governance, transparency, accountability and public service delivery. The emphasis on digitalisation, merit-based recruitment, proper utilisation of public resources and transparency in government procurement is encouraging. However, the real challenge lies not in announcing reforms or issuing directives but in ensuring their effective implementation across the province.

The Chief Secretary rightly observed that the fundamental responsibility of government departments is to serve the public and that administrative performance should be measured by the convenience provided to citizens and the timely resolution of their problems. Unfortunately, people in Balochistan continue to face enormous difficulties in accessing basic government services. Residents of remote districts and rural areas often have to travel hundreds of kilometres to provincial or divisional headquarters to complete routine official procedures.

The proposed integration of departmental databases and introduction of e-filing, e-correspondence and e-summaries in the Home Department are positive steps towards modern governance. Digitalisation can significantly reduce unnecessary delays, paperwork and opportunities for corruption. Nevertheless, these reforms must extend to all provincial departments, particularly those dealing directly with public services.

Equally important is the decision to use artificial intelligence and modern technology for recruitment against vacant positions. Government jobs must be awarded strictly on merit rather than political influence, favouritism or personal connections. However, technology alone cannot guarantee fairness; independent oversight, clear criteria and an effective complaint mechanism are equally necessary.

The issue of government vehicles and financial discipline also deserves serious attention. Public resources are the property of citizens and must never be treated as personal privileges by officials. Similarly, discouraging single-bidder tenders under the BPPRA framework is essential to promote competition, prevent manipulation and ensure value for public money.

Balochistan needs administrative reforms that produce visible improvements in people's lives. Regular monitoring, departmental accountability and strict action against negligence must accompany every policy decision. The provincial government should establish measurable performance indicators and periodically evaluate departments against them. Ultimately, good governance cannot be judged by meetings, minutes or official statements. Its success must be reflected in accessible services, transparent institutions, merit-based appointments and timely relief for ordinary citizens.

CamScanner